26/02/2026

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینعمر مختار

نائب صدر-1

کشمیر یونیورسٹی میں21واں کنووکیشن جا ری ہے۔مہمان خصوصی نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے یونیورسٹی سے فارغ التحصیل طالب علموں کو ڈگریاں اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے طالب علموں کو گولڈ میڈلز عطا کئے۔

اپنی تقریر میں نائب صدر جمہوریہ نے جمونو کشمیر کے تعلیمی منظر نامے میں کشمیر یونیورسٹی کے نمایاں رول کی سراہناکرتے ہوئے کہا کہ حکومت ہند ملک بھر میں تعلیم پر خصوصی توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے کیونکہ تعلیم ہی وہ زیور ہے جس سے ہماری نوجوان پود آگے چل کر وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کر ے گی۔

نائب صدر نے کہا کہ جموں وکشمیر کے نوجوان نہایت باصلاحیت ہیں جو تعلیم کے ساتھ ساتھ سبھی اہم شعبوں میں کامیابی کے جھنڈے گھاڑ رہے ہیں۔ انہوننے یونیورسٹی سے اپنی ڈگریاں مکمل کرنے والے اور میڈل حاصل کرنے والے طالب علموں کو دلی مبارکباد پیش کی۔

--Vice President--

اس سے پہلے یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے اپنے استقبالیہ خطاب میں کہا کہ آج کے کنووکیشن کے دوران59ہزار558طالب علم کو ڈگریاں اور 239 طالب علموں کو گولڈ میڈلز سے نوازا جارہا ہے۔

کھیلو انڈیا

کھیلو انڈیاونٹر گیمز کی اختتامی تقریب آج گالف کورس گلمرگ میں منعقد ہو رہی ہے۔ جس کے لئے تمام تر انتظامات اور تیاریاں مکمل ہیں۔ تقریب کے دوران ونٹر گیمز میں شاندار کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو انعام و اکرام سے نوازا جائے گا۔

واضح رہے کہ شہرہ آفاق سیاحتی مقام گلمرگ میں کھیلو انڈیا سرمائی کھیل مقابلے کل اختتام پذیر ہو گئے۔ ان مقابلوں میں دفاعی چمپئن فوج نے اپنی پہلی پوزیشن اس بار بھی برقرار رکھی جبکہ ہما چل پردیش دوسرے نمبر پر رہا ۔

جمونوکشمیر سے تعلق رکھنے والے زُبید احمد نے کل کے مقابلوں میں سنو بورڈنگ مقابلے میں سونے کا تمغہ جیت لیا۔

جا وید ڈار

زرعی پیداوار اور دیہی ترقی کے وزیر جا وید ڈار نے کٹھوعہ ضلعے میں اون کو بڑھاوا دینے ٹریننگ اینڈ فیسلٹیشن سینٹر کا افتتاح کیا۔ Pestside کی غرض سے ایک جدید ترین

فنڈنگ کے تحت4کروڑ81لاکھ روپے کی لاگت NABARD اس موقعے پر وزیرموصوف نے کہا کہ سے پسٹ سائڈ ٹیسٹنگ لیب قائم کی گئی ہے جوکہ جموں میں دوسری اور یوٹی میں تیسری ایسی سہولت ہے۔

وزیر موصوف نے ساتھ ہی سانبہ ضلعے کے کرتھولی علاقے میں اون کے تجارت کی ایک منڈی اور بڑی برہمنہ میں جدید ترین کیٹل فیڈ پلانٹ کا بھی افتتاح کیا۔

EOW

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق وِنگ نے2ایسے افراد کے خلاف باضابطہ ایک معاملہ درج کرلیا ہے جو جمونو کشمیر میں کووڈ۔19 وباءکے دوران ادویات کی خرید میں بڑے پیمانے پر مالی خرد برد کرنے کے مرتکب پائے گئے ہیں۔

ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ ملزموں نے ایک سرکاری دفتر سے جعلسازی کر کے27لاکھ روپے حاصل کئے جبکہ وہ ایک اور سرکاری طبی ادارے سے2کروڑ24لاکھ روپے ٹھگنے کا منصوبہ بنا رہے تھے۔

سکول

ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن کشمیر نصیر احمد وانی نے آنے والے دنوں میں سبھی جماعتوں کےلئے سکول کھولے جانے سے پہلے بھر پور فیلڈ معائنے کرنے پر زور دیا ہے۔

وہ وادی میں نویں سے12ویں جماعت تک سکول کھولے جانے کے بعد تمام چیف ایجوکیشن افسروں کی ایک میٹنگ میں بول رہے تھے جس دوران سرمائی تعطیل کے بعد سکول کھولے جانے کے بارے میں مجموعی منظر نامے اور زمینی سطح کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔

غور طلب ہے کہ اول سے8ویں جماعت تک کےلئے سکول سوموار یعنی2مار چ سے دوبارہ کھلیں گے۔

DCسرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے ایس ایس پی سرینگر سندیپ چکرورتی کے ہمراہ پانتہ چوک میں قائم یاترا ٹرینزٹ کیمپ کا دورہ کر کے وہاں یاترا2026کے سلسلے میں آنے والے یاتریوں کےلئے کئے جا رہے انتظامات اور تیاریوں جائزہ لیا.

انہوننے خاص طور پر کیمپ میں بجلی، پانی، بستر اور دیگر ضروری سہولیات کی دستیابی کا جائزہ لیا.

DCکپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سو سے نے جسمانی طور سے خاص افراد کو با اختیار بنانے کےلئے ایک جامع حکمت عملی اپنانے پر زور دیا ہے.

وہ ضلعے میں جسمانی طور سے خاص افراد کے حقوق کے بارے میں ایکٹ پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے.

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا .

خدا حافظ